16 جولائی 2018ء

## انٹر بینک مارکیٹ میں روپے اور ڈالر کے ایکسچینج ریٹ میں ردّوبدل

آج انٹر بینک مارکیٹ میں پاکستانی روپے اور امریکی ڈالر کا ایکسچینج ریٹ 128.0 روپے فی ڈالر پر بند ہوا جبکہ گذشتہ روز 121.55 روپے فی ڈالر پر بند ہوا تھا۔ ایکسچینج ریٹ میں یہ تبدیلی انٹر بینک مارکیٹ میں زرمبادلہ کے طلب و رسد کے فرق کی عکاسی کرتی ہے۔

جیسا کہ حالیہ مانیٹری پالیسی بیان میں کہا گیا، مالی سال 18ء کا اختتام 13 سال کی بلند ترین حقیقی جی ڈی پی شرح نمو پر ہوا تھا۔ تاہم اس بلند نمو کے ساتھ ملک کے توازن ادائیگی میں نمایاں خرابی پیدا ہوئی۔ برآمدات میں دوہندسی نمو (جولائی تا مئی مالی سال 18ء میں 13.2 فیصد سال بسال) اور ترسیلات زر میں معتدل اضافے کے باوجود درآمدات کی مضبوط طلب (جولائی تا مئی مالی سال 18ء میں 16.4 فیصد سال بسال نمو) نے ملک کے جاری کھاتے کے خسارے کو اس سطح تک پہنچادیا ہے جو قلیل مدت سے آگے پائیدار دکھائی نہیں دیتا۔

اسٹیٹ بینک کا نقطہ نظر یہ ہے کہ پالیسی ریٹ میں اضافے اور دیگر انتظامی اقدامات کے ساتھ ایکسچینج ریٹ میں یہ تبدیلی بالعموم ملکی طلب کو قابو میں لانے اور بالخصوص ملک کے بیرونی کھاتوں میں عدم توازن کو کم کرنے میں مدد دے گی۔

اسٹیٹ بینک معیشت کی ابھرتی ہوئی مبادیات کا بغور جائزہ لیتا رہے گا اور مالی منڈیوں میں استحکام کو یقینی بنانے کے لیے تیار ہے۔

***